YOUTH
PARLIAMENT
PAKISTAN

چھٹا یوتھ پارلیمنٹ پاکستان 2014

آرڈر آف دی ڈے

منعقد اجلاس یوتھ پارلیمنٹ پاکستان مورخہ 9 اگست 2014 بروز ہفتہ کے لئے،

1: تلاوت قرآن کریم۔

پالیسی رپورٹ

2: **محترمہ عائشہ صدیق خان**(YP28-PUNJAB09)
جناب عبدالحسیب(YP20-PUNJAB01)
جناب محمد شاہزر الٰہی(YP56-SINDH09) ذیل عنوان پر رپورٹ پیش کرنا چاہتے ہیں:

"پولیس اصلاحات: احتساب اور تشدد پر قابو"

قراردادیں

3: **جناب جہانزیب بلوچ**(YP05-BALOCHISTAN03)،
جناب مظہر قیصرانی(YP37-PUNJAB18)،
محترمہ عائشہ صدیق خان(YP28-PUNJAB09)،
محترمہ شازیہ بتول ہزارہ(YP06-BALOCHISTAN04)اور
جناب عجب خان (YP03-BALOCHISTAN01)ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستان کو بلوچ لاپتہ افراد کی باحفاظت بازیابی کو یقینی بنانا چاہیے۔ جیسا کہ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ، بہت سے معاملات میں ثبوت فرنٹیئر کور (ایف سی) اور

دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ بلوچستان کے لوگوں میں بڑھتی ہوئی مایوسی مطالبہ کرتی ہے کہ اس مسئلہ کو مہذب اور جمہوری انداز سے حل کیا جانا چاہئے۔"

4: **جناب شاہزر الہی** (YP56-SINDH09) یوتھ اپوزیشن لیڈر ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہے:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ، حال ہی میں منظور شدہ تحفظ پاکستان آرڈیننس کے نفاذ کے نتیجہ میں ممکنہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے آگاہی کے لئے، وفاقی حکومت کی جانب سے ایک بیرونی شکایت ایجنسی کو قائم کیا جائے جس کی شاخیں ملک کے تمام اہم اضلاع ہو گی اور جہاں پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے معصوم شہریوں کے خلاف غیر ضروری جارحیت کے خلاف شکایات درج کی جاسکے گی۔ یہ بالآخر تحفظ پاکستان آرڈیننس کی کامیابی اور اس کے انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا تجزیہ کرنے میں ایک فیصلہ کن عنصر بن ثابت ہو سکتا ہے۔ ایک سیاہ قانون کے خلاف مستقبل میں اس طرح ایک مضبوط موقف بنایا جائے گا۔"

5: **محترمہ رہی فاروق** (YP11-ICT01) اور
جناب زین الحسن (YP47-Punjab28) ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ واپڈا کی بہتری کیلئے، اس کی نجکاری نہیں کی جانی چاہئے۔ یہ ایوان یقین رکھتا ہے کہ بنیادی اصلاحات جیسا کہ بجلی لائن چوری روکنے کے مناسب انتظامات، بلوں اور بقایاجات کی وصولی، خصوصی طور پر سرکاری اداروں سے، کے نتیجے میں واپڈا کی مالی پوزیشن بہتر ہو گی اور نتیجے میں بجلی کا پیداوار زیادہ ہو گا، جس سے توانائی کے بحران اور گردشی قرضوں کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ "

6: **جناب صہیب سعید** (YP02-AJK02) ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہے:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ ملک کی ترقی کیلئے مقامی حکومتوں کا قیام اہمیت رکھتا ہے، الیکشن کمیشن پاکستان کو جلد از جلد وفاقی دارالحکومت سمیت ملک بھر میں مقامی حکومتوں کے انتخابات کو یقینی بنانا چاہئے۔"